21/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ جدید ٹیکنالوجی اور طرزِ تعمیر کو بروئے کار لاتے ہوئے تواریخی ورثے کو بحال کرنے نیز لوگوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانے کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

امیرا کدل سرینگر میں سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے تحت 7 کروڑ 70 لاکھ روپے کی لاگت سے تیار کئے گئے لکڑی کے پُل کا افتتاح کرنے کے بعد انہوننے کہا کہ تاریخی سڑکوں ، پلوں، بازاروں اور عوامی نوعیت کے دیگر مقامات کو من پسند جگھوں میں تبدیل کرنے کا مشن ہا تھ میں لیا گیا ہے۔

پی ڈی پی

پی ڈی پی کے پلوامہ کے رکنِ قانون ساز وحید الرحمان پرہ نے جموں کشمیر میں کینسر جیسی مہلک بیماری سے ہونے والی اموات پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ شورش زدہ حالات کے مقابلے میں کینسر سے ہونے والی اموات تین سو گنا زیادہ ہےں ۔

وحید الرحمان نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں پائی جا رہی گورننس کے بحران کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے 2027 کی مردم شماری کو بر وقت مکمل کرنے کے لئے نقش راہ ڈائریکٹوریٹ کے درمیان نزدیکی تال میل Census کو حتمی شکل دیتے ہوئے یوٹی انتظامیہ اور

کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مردم شماری کا کام احسن طریقے پر مکمل کرنے کے لئے اپنا بھر پور تعاون دستیاب رکھیں ۔

2027 نے اٹل ڈلو Census کی کامیاب تکمیل کے لئے یوٹی انتظامیہ کی طرف سے بھی ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ مکانوں کا شمار یکم جون سے تیس جون تک عمل میں لایا جائے گا جبکہ کچھ وقفے کے بعد انسانوں کا شمار الگ سے کیا جائے گا ۔

محمد اعجاز اسد

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے دیہی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے فوائد کا دائرہ وسیع کرنے کے لئے پروجیکٹوں کو ترجیح دینے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

وہ ریاستوں کے لئے Capital Investment سے متعلق خصوصی تعاون کے تحت امداد یافتہ کی عمل آوری کا جائزہ لے رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ ہماری SNA Sparsh پروجیکٹوں اور ترجیح ایسے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل ہے تاکہ ان کی اقتصادی صلاحیت کو بھر پور ڈھنگ سے بروئے کار لایا جا سکے ۔

پروگرام

محکمہ سماجی بہبود سرینگر کی جانب سے بیٹی بچاو بیٹی پڑھاو پہل کے تحت ہائر سیکنڈری سکول کوٹھی باغ میں آنگن واڑی ورکروں کے لئے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا جس دوران چائلڈ میریج کی حوصلہ شکنی اور بال وِواہ مکت بھارت ابھیان کی اہمیت اجا گر کی گئی ۔

اس موقعے پر بتایا گیا کہ آنگن واڑی ورکرس زمینی سطح پر بچوں خاص طور پر بچیوں کے حقوق کا تحفظ کرنے میں اہم رول ادا کر سکتے ہیں ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

ACB خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی کر رہا ہے۔

ACB ۔ جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات

------S.K Pathak----

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے میں موبائل ٹاوروں اور دیگر مواصلاتی بنیادی ڈھانچے کی تنصیب سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لئے ضلع ٹیلی کام کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی ۔

انہوں نے ساتھ ہی ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ایک ہزار 769 معاملات اور JKCIP کے تحت ایک ہزار 420 معاملات کو منظوری دے دی ۔

اسی دوران ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے JKCIP کے تحت ضلعے کے کئی ماہی گیروں میں 253 آئس Boxes تقسیم کئے ۔

ڈپٹی کمشنر کپوارہ

ڈپٹی کمشنر کپوارہ شری کانت سوسے نے روڑ سیفٹی کے بارے میں جاری مہینہ بھر کی تقریبات کے سلسلے میں ضلع روڑ سیفٹی کمیٹی کی ایک میٹنگ میں سڑک سلامتی اور ٹریفک نظام میں معقولیت لانے کے اقدامات کا جائزہ لیا ۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر موصوف نے ضلعے میں لینڈ ریکارڈ کی Digitisation ، سوامِتوا سکیم اور مال محکمے سے جُڑے دیگر امور کا جائزہ لیا ۔

اسی دوران ضلع انتظامیہ کپواڑہ کی جانب سے قومی گیت وندھے ماترم کے 150 برس مکمل ہونے کے سلسلے میں فاونٹین چوک کپواڑہ سے جنرل بس سٹینڈ تک ایک ریلی منعقد کی گئی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****